الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ ﷺ



# تحائفِ بخشش

# TAHAA-IF-E BAKHSHISH

*by* Hujjatul Islam Shah Imam Hamid Raza Khan رضی اللہ عنہ

ROMAN • URDU

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تحائف بخشش

# TAHAA-IF-E BAKHSHISH

ROMAN • URDU

Shahzada-o Janasheen-e Aala Hazrat,
Hujjat-ul Islam Allama Shah

**IMAM HAMID RAZA KHAN**

Qadri Barkaati RadiAllahu Anhu

Roman Transliteration by

DILSHAD RAZA KHAN QADRI

(Bareilly Shareef, India)

This book is dedicated to
Beloved Peer-o Murshid

# Huzoor Taajushshariah Imam Akhtar Raza

RadiAllahu Anhu

Released
on the blessed occasion
of

# 80th Urs-e Hamidi

17 Jamadiul Awwal 1442 hijri
02 January 2021
Bareilly Shareef

# Words of Appreciation

**Hazrat Mufti Muhammad Afthab Cassim Qaadiri Razvi Noori** مدظلہ العالی

Imam Mustafa Raza Research Centre (Durban, South Africa)

All Praise is due to Almighty Allah who has granted man the honour and excellence of being able to praise Him and His Beloved Rasool ﷺ with words of love and devotion. Durood and Salaams upon The Most Praised One ﷺ in Allah's creation, and The One ﷺ Who Praises Allah the most, and Whose Praise is a means of salvation to those who praise Him ﷺ with sincerity. Peace and Blessings upon His ﷺ Noble Family and Honourable Companions who taught the beautiful lessons of Na'at e Mustafa ﷺ to the Believers, by which they may brighten their lives and their hereafter. Peace and blessings upon the Awliyah e Kaamileen and the Ulama e Deen who passed on the lessons of true love from generation to generation, in the form of the Blessed Mathnavi, the Qasida Burda Shareef, the Hadaa'iq e Bakhshish, the Zauq-e Na'at, the Samaan e Bakhshish, the Tahaa-if e Bakhshish, and the Safina e Bakhshish etc.

I have been informed by Brother Dilshad Raza of his intention to gather the available Kalaams written by Huzoor Sayyidi Hujjatul Islam Hazrat Allama Maulana Mufti Haamid Raza Khan Radi Allahu Anhu, the beloved son of Mujad'did e Azam Sayyidi Aala Hazrat Radi Allahu Anhu into a book, under the name Tahaa-if e Bakhshish. The Kalaams are presented in the urdu text, and include the transliteration as well.

My Dear Shahbaz Raza Qaadiri Razvi also called me to say that it is Dilshad's request that I should write a few words for this book. I have thus attempted to do so.

This book is being presented under the auspices of The Bareilvi Arts and is being launched on the Blessed Urs of Huzoor Hujjatul Islam Radi Allahu Anhu.

I pray through the Wasila of Nabi Kareem ﷺ that Almighty Allah accepts this effort of Brother Dilshad Raza and his team and blesses them with the best of rewards. May we all remain firm on Maslak e Aala Hazrat and be saved from the fitna of this world, and from deviating from the path and the teachings of our Masha'ikh. Aameen

Sag e Mufti e Azam

**Muhammad Afthab Cassim Qaadiri Razvi Noori**

Imam Mustafa Raza Research Centre
**Durban, South Africa**

# CONTENTS


| S.No. | Title | Page No. |
|---|---|---|
| | Tazkira-e Hujjatul Islam | 07 - 10 |
| 1. | Kaun Main Kaun Hai Tu Hi Tu | 11 - 15 |
| 2. | Dil Mera Gudgudaati Rahi Aarzoo | 16 - 21 |
| 3. | Muhammad Mustafa Noor-e Khuda Naam-e Khuda Tum Ho | 22 - 25 |
| 4. | Gunahgaaroñ Ka Roz-e Mahshar Shafee’ Khairul ‘Anaam Hoga | 26 - 28 |
| 5. | Chaand Se Unke Chehre Par Gesu-e Mushk Faam Do | 29 - 32 |
| 6. | Shaahid-e Gul Hai Mast Naaz Hajlah-e Nau Bahaar Mein | 33 - 36 |
| 7. | Maa-o Man Se Bachaaye Aal-e Rasool | 37 - 44 |
| 8. | Yaa ILaahi ! Baraaye Aal-e Rasool | 45 - 48 |
| 9. | Paar Bedaa Lagaaye Aal-e Rasool | 49 - 54 |
| 10. | Hain Arsh-e Bareeñ Par Jalwahfigan Mahboob-e Khuda Sub’haan Allah | 55 - 56 |
| | Nazraana-e ‘Aqeedat | 57 - 58 |

# TAZKIRA-E HUJJATUL ISLAM

- **Wilaadat**
- **Ta'leem-o Tarbiyat**
- **Deeni Khidmaat**
- **Tasneef-o Taaleef**
- **Wafaat-o Madfan**

## Wilaadat

Naa'yib-o Shahzada-e Aala Hazrat, Huzoor Hujjatul Islam Shah Imam Hamid Raza Khan ﷺ ki Wilaadat-e Ba-Sa'adat **Rabi-ul Awwal 1292 Hijri** mutabiq san **1875** mein mohalla SaudagranBareilly shareef (U.P) India mein hui.

## Ta'leem-o Tarbiyat

Aapki Ta'leem-o Tarbiyat apne Waalid e Majid Mujaddid e Aazam e Deen o Millat Sayyiduna *Aala Hazrat Imam Ahmad Raza Khan* رضی اللہ عنہ ke zer-e saya hui, Aur aap ne Awraad-o Aa'maal, Azkaar-o-Ashghaal aur Jame'e Salaasil ki ijaazat bhi ataa farmayi, Bait-o Khilaafat Noor-ul Aarifeen Hazrate Sayyiduna Shah Sayyed *Abul Hussain Ahmad-e Noori Marehrawi* رضی اللہ عنہ se haasil hai, Aap Tamam uloom-o funoon mein kaamil dastaras mahaarat-e ta'amma rakhte the, Arab-o ajam ke bade bade ulama-o fuzala' ne aap ki fasaahat-o balaaghat, ilm-o fazl ki jalwah samaaniyoñ daad di, Kalimaat-e Tehseen farmaye aur asnaad se nawaza, Duniya-e Islam mein aap ki shakhsiyat azeem maqaam-o martaba ki haamil hai.

## Deeni Khidmaat

Aap apne waalid ke janasheen aur waaris-o ameen the, Aap ki shakhsiyat haqqaniyat-e islam ki daleel thi, Aap ne khidmat-e deen mein apni zindagi ka lamha lamha sarf kar diya, Apne dars-o tadrees se hazaaroñ tishnigaan-e uloom ko sairaab kiya.

Huzoor *Mufti-e Aazam-e Hind* رضی اللہ عنہ , Shaykh-ul Qur'aan Allama *Abdul Ghufoor Hazaarwi*, Sher-e besha’e Ahle sunnat Maulana *Hashmat Ali Khan*, Muhaddis-e aazam Pakistan Maulana *Sardaar Ahmad* aap ke ajalla-e Khulafa-o talamizah mein se hain, Aap ki taqreer-o tehreer se Islam-o Sunniyat ki tableegh hui, Deen-e Mateen ki tableegh Hifaazat-e namoos-e risaalat aap ki zindagi ke asal maqaasid the, Aap ki Zindagi ghalba-e Islam, Bulandi-e parcham-e islam, ILm ki nashr-o isha’at aur khidmat-e Deen ke liye waqf thi, Taa-hayaat Ta’leemi, Tableeghi, siyaasi aur samaaji khidmaat ke kaarhaaye numayañ anjaam diye, Gunaañ go mashaaghil ke ba-wajood aap Qaabil-e sad mubarakbad-e Tasaaneef Mohtaaj-e Ta’aruf nahin, **‘Ad-daulat-ul-makkiyah’** ka **tarjama** aap ka iLmi Adabi shahkaar hai, **Fataawa Hamidiyah** aap ki fiqhi shaan-o azmat ka bayyin suboot hai, Aap behtareen shaa’ir bhi the Hamd-o Naat aur kayi manqabteiñ kahin jinke padhne sunne se Imaan taza hota hai aur dil ko suroor milta hai unka majmoo’a “**Tahaa-if-e Bakhshish**” ke naam se ma’roof hai.

## Tasneef-o Taaleef

Qudrat Ne Huzoor Hujjtaul Islam Ko Zabaan-o Qalam Par Yaksaañ Dastaras 'Ata Farmaayi Thi. Aap Ki Tasaaneef Buland paaya, Pur maghz, aur Dalaail-o Baraaheen Ka Khazaana Haiñ.

Aap Ki Arabi/Urdu Tasaaneef Ke Naam Neeche Zikr Kiye Gaye Haiñ :

(۱) الصارم الربانی علی اسراف القادیانی
(۲) عبد الفرار
(۳) دو آفت بد
(۴) نکس اباطیل مدرسہ خرما
(۵) اجلی انوار رضا
(۶) اجتناب العمال
(۷) سلامتہ اللہ لاہل السنتہ
(۸) رمز شیریں چاہ شور
(۹) قصدیم شیریں باچاہ شور
(۱۰) خطبہ استقبالیہ
(۱۱) اذان من اللہ
(۱۲) مراسلت سنت وندوہ
(۱۳) تیسیر المعیون للسکون فی وباء الطاعون
(۱۴) فاتحتہ الریاحین بطیب آثار الصالحین
(۱۵) حبل اللہ المتین
(۱۶) تعلیقات فتاویٰ رضویہ تیسری جلد
(۱۷) کنز المصلی پر حاشیہ
(۱۸) مسئلہ اذان کا حق نما فیصلہ
(۱۹) حاشیہ ملا جلال
(۲۰) ترجمہ الدولتہ المکیہ
(۲۱) ترجمہ حسام الحرمین
(۲۲) فتاویٰ حامدیہ
(۲۳) دیوانِ نعت (بنام تحائفِ بخشش)

## Wafaat-o Madfan

Aap ne **17 Jamadi-ul Awwal 1362 Hijri** mutabiq **23 May 1943** ko wisaal farmaya, Aap ka **Mazaar**-e paak **Bareilly shareef** (India) mein ziyaarat-e khaas-o aam hai




Mazaar-e Paak  Huzoor Hujjatul Islam
(Dargaah-e A'la Hazrat, Bareilly Shareef, Uttar Pradesh, India)

# 1. Kaun Main Kaun Hai Tu Hi Tu

کَون میں کَون ہے تُو ہی تُو، تُو ہی تُو ہے یَا مَنْ هُوْ
تو ہی تو ہے تو ہر سُو، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا هُوْ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا هُوْ

Kaun Main Kaun Hai Tu Hi Tu, Tu Hi Tu Hai Yaa Man Hoo
Tu Hi Tu Hai Tu Har Soo, Ya Man-Laysa illa Hoo

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

ذرّے میں نور ہے گل میں بُو، کوئل کُوکے "کُو کُو کُو"
"پی کہاں" پپیہا کہے ہر سو اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا هُوْ

Zarre Mein Noor Hai Gul Mein Boo, Koyal Kooke “Koo Koo Koo”
“Pee Kahan” Papiha Kahe Har Soo Allahu Allahu Allahu

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

کثرت میں ہے کیسی وحدت، وحدت میں پھر کیسی کثرت

چشمِ مست میں تیری رنگت، پھولوں میں تیری خوشبو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّيْسَ اِلَّا ھُوْ

Kasrat Mein Hai Kaisi Wahdat, Wahdat Mein Phir Kaisi Kasrat
Chashm-e Mast Mein Teri Rangat, Phooloñ Mein Teri Khushboo

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

طور بنا ہے ذرّہ ذرّہ، نور بنا ہے قطرہ قطرہ

تیرا ثناگر بُت کا بندہ، سجدہ بُتوں کا تیری سو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّيْسَ اِلَّا ھُوْ

Toor Bana Hai Zarrah Zarrah, Noor Bana Hai Qatrah Qatrah
Tera Sanaagar But ka Bandah, Sajdah Butoñ Ka Teri Soo

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

رُوح میں تُو ہے دل میں تو، میری آب و گِل میں تو

اصل میں تو ہے ظل میں تُو حَق حَق حَق، ھُوْ ھُوْ ھُوْ

لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ،
لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَامَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Rooh Mein Tu Hai Dil Mein Tu, Meri Aab-o Gil Mein Tu
Asl Mein Tu Hai Zill Mein Tu, Haq Haq Haq, Hoo Hoo Hoo

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

لَامَعْبُوْدَ اِلَّااللّٰہ لَامَشْھُوْدَ اِلَّااللّٰہ
لَامَوْجُوْدَ اِلَّاھُوْ لَامَقْصُوْدَ اِلَّاھُوْ

لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ
لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَامَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Laa Ma'booda illallah Laa Mash'hooda illallah
Laa Maujooda illaa Hoo Laa Maqsooda illaa Hoo

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

روح ودل، سِرّ اور خَفِی، اَخْفٰی میں بھی ہے تو ہی
قلبِ صَنوبر، نِیل ومَرِی، جاری ساری سب میں تو

لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ،
لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَامَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Rooh-o Dil, Sirr Aur Khafi, Akhfaa Mein Bhi Hai Tu Hi,
Qalb-e Sanobar, Neel-o Mari, Jaari Saari Sab Mein Tu

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

حَسْبِیْ رَبِّیْ جَلَّ اللّٰه، مَا فِیْ قَلْبِیْ غَیْرُ اللّٰه
نُورِ مُحَمَّد صَلَّی اللّٰه، اَللّٰهْ اَللّٰهْ اَللّٰهْ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Hasbi Rabbi Jallallah Maa Fee Qalbi Ghairullah
Noor-e Muhammad Sallallah, Allah Allah Allahu

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

اوّل تو ہے آخر تو، باطن تو ہے ظاہر تو
قادِر قادِر قادِر تو اَللّٰهْ اَللّٰهْ اَللّٰهْ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Awwal Tu Hai Aakhir Tu, Baatin Tu Hai Zaahir Tu
Qadir Qadir Qadir Tu Allah Allah Allahu

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

تو میرا آقا، میں تیرا بندہ، بندہ بھی کیسا گھنونا بندہ
لَوثِ مَعاصی سے آگندہ، کر اپنے کرم سے عَفو، عَفُو !

لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ
لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Tu Mera Aaqa Main Tera Bandah, Bandah Bhi Kaisa Ghinona Bandah
Laus-e Ma'aasi Se Aagandah, Kar Apne Karam Se 'Afw, 'Afoo !

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

تحریر ہے آبِ زر سے وَرَق، ہے دل میں لکھا حامد کے سبق
اَنْتَ الْھَادِیْ، اَنْتَ الْحَق، لَیْسَ الْھَادِیْ اِلَّا ھُوْ

لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ
لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Tehreer Hai Aab-e Zar Se Waraq, Hai Dil Mein Likha '**Hamid'** Ke Sabaq
Antal Haadi, Antal Haq, Laysal Haadi illa Hoo

Laa-ilaaha illa Hoo, Laa-ilaaha illa Hoo
Laa-ilaaha illa Hoo, Yaa Man-Laysa illa Hoo

## 2. Dil Mera Gudgudaati Rahi Aarzoo

دل مرا گُدگُداتی رہی آرزو
آنکھ پھر پھر کے کرتی رہی جستجو
عرش تا فرش ڈھونڈ آیا میں تجھ کو، تو
نکلا اَقرَب زِ حَبلِ وَرِیدِ گُلو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Dil Mera Gudgudaati Rahi Aarzoo
Aankh Phir Phir Ke Karti Rahi Justujoo
Arsh Taa Farsh Dhoond Aaya Main Tujhko Tu
Nikla Aqrab Ze Habl-e Wareed-e Guloo

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

طائرانِ چمن کی چہک وَحْدَہٗ
نغمہ بلبل کا ہے لَا شَرِیْكَ لَهٗ
قمریوں کا ترانہ ہے لَا غَیْرَہٗ
زمزمہ طوطی کا ھُوَ ہٗ ھُوَ ہٗ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Taa’iraan-e Chaman Ki Chahak Wahdahoo
Naghma-e Bulbul Ka Hai Laa-Shareeka Lahoo
Qumriyoñ Ka Taraana Hai Laa-Ghayrahoo
Zamzama-e Tooti Ka Huwa Hoo Huwa hoo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

بلبلوں کو چمن میں رہی جستجو

پپیہا کہتا پھرا ''پی کہاں'' سو بہ سو

پر نہ چٹکا کہیں غنچۂ آرزو

ہاں ملا تو ملا میرے دل ہی میں تو

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

Bulbuloñ Ko Chaman Mein Rahi Just-joo
Papiha Kehta Phira “Pee Kahaañ” Soo Ba Soo
Par Na Chatka Kahiñ Ghuncha-e Aarzoo
Haan Mila Toh Mila Mere Dil Hi Mein Tu

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

شاہدانِ چمن نے لبِ آب جو

آبِ گُل سے نہا کر کے تازہ وُضو

حلقۂ ذکرِ گُل کے کیا رُو بہ رُو

اور لگانے لگے دَم بہ دَم ضَربِ ھُوْ

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

Shaahidaan-e Chaman Ne Lab-e Aab Joo
Aab-e Gul Se Naha Kar Ke Taaza Wuzoo
Halqa-e Zikr-e Gul Ke Kiya Roo-Ba-Roo
Aur Lagaane Lage Dam-Ba-Dam Zarb-e Hoo

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

رَہ کے پردوں میں تو جلوہ آرا ہوا
بس کے آنکھوں میں آنکھوں سے پردہ کیا
آنکھ کا پردہ، پردہ ہوا آنکھ کا
بند آنکھیں ہوئیں تو نظر آیا تو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Rah Ke Pardoñ Mein Tu Jalwah-Aara Hua
Bas Ke Aankhoñ Mein Aankhoñ Se Pardah kiya
Aankh Ka Pardah, Pardah Hua Aankh Ka
Band Aankhein Huiñ Toh Nazar Aaya Tu

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

کعبۂ کعبہ ہے کعبۂ دل مِرا
کعبہ پتّھر کا دل جلوہ گاہِ خدا
ایک دل پر ہزاروں ہی کعبے فدا
کعبۂ جان و دل کعبے کی آبرو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Ka'aba-e-Ka'aba Hai Ka'aba-e Dil Mera
Ka'aba Patthar Ka Dil Jalwah Gaah-e Khuda
Ek Dil Par Hazaaroñ Hi Ka'abe Fidaa
Ka'aba-e Jaan-o Dil Ka'abe Ki Aabroo

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

طورِ سینا پہ تو جلوہ آرا ہوا

صاف موسیٰ سے فرما دیا لَنْ تَرَا

اور اِنِّی اَنَا اَللّٰہ شجر بول اُٹھا

تیرے جلووں کی نیر نگیاں سُو بہ سُو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Toor-e-Seena Pe Tu Jalwah-Aaraa Hua
Saaf Moosa Se Farma Diya Lan-Taraa
Aur Inni Anallah Shajar Bol Utha
Tere Jalwoñ Ki Ner Nagiyaañ Soo-Ba-Soo

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

مجھ کو در در پھراتی رہی جستجو

ٹوٹے پائے طلب تھک رہی آرزو

ڈھونڈتا میں پھرا کو بہ کُو چار سو

تھا رگِ جاں سے نزدیک تر دل میں تو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Mujh Ko Dar Dar Phiraati Rahi Just-joo
Toote Paaye Talab Thak Rahi Aarzoo
Dhoondta Main Phira Koo-Ba-Koo Chaar Soo
Tharag-e Jaañ Se Nazdeek Tar Dil Mein Tu.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

کون تھا جس نے سُبْحَانِیْ فرما دیا
اور مَآ اَعْظَمَ شَانِیْ کس نے کہا
بایزید اور بسطام میں کون تھا
کب اَنَاالْحَقّ تھی منصور کی گُفتگو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Kon Tha Jisne Sub'haani Farma Diya
Aur Maa-A'zama Shaanee Kis Ne Kaha
Baayazid Aur Bistaam Mein Kon Tha
Kab Anal-Haq Thi Mansoor Ki Guftagoo

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

یاالٰہی! دکھا ہم کو وہ دن بھی تو
آبِ زم زم سے کر کے حرم میں وضو
باادب شوق سے بیٹھ کے قبلہ رو
مل کے ہم سب کہیں یک زباں ہو بہ ہو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Yaa ILaahi ! Dikha Hum Ko Woh Din Bhi Tu
Aab-e Zamzam Se Kar Ke Haram Mein Wuzoo
Ba-Adab Shauq Se Baith Ke Qibla Roo
Mil Ke Hum Sab Kahein Yak Zabaañ Hoo-Ba-Hoo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

میں نے مانا کہ حاؔمد گنہگار ہے

معصیت کیش ہے اور خطاکار ہے

میرے مولیٰ مگر تُوتو غفّار ہے

کہتی رحمت ہے مجرم سے لَا تَقْنَطُوْا

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

Maine Mana Ke ‘**Hamid’** Gunahgaar Hai
Ma’siyat Kaish Hai Aur Khatakaar Hai
Mere Maula Magar Tu To Ghaffaar Hai
Kehti Rahmat Hai Mujrim Se Laa-Taqnatoo

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo

## 3. Muhammad Mustafa Noor-e Khuda Naam-e Khuda Tum Ho

محمد مصطفٰی نورِ خدا نامِ خدا تم ہو
شہِ خَیْرُالْوَرٰی شانِ خدا صَلِّ عَلٰی تم ہو

Muhammad Mustafa Noor-e Khuda Naam-e Khuda Tum Ho
Shah-e Khairul Waraa Shaan-e Khuda Salle Ala Tum Ho

شکیبِ دل قرارِ جاں محمد مصطفٰی تم ہو
طبیبِ دردِ دل تم ہو مِرے دل کی دوا تم ہو

Shakeeb-e Dil Qaraar-e-Jaañ Muhammad Mustafa Tum Ho
Tabeeb-e Dard-e Dil Tum Ho Mere Dil Ki Dawa Tum Ho

غریبوں دردمندوں کی دوا تم ہو دُعا تم ہو
فقیروں بے نواؤں کی صدا تم ہو نِدا تم ہو

Ghareeboñ Dardmandoñ Ki Dawa Tum Ho Dua'a Tum Ho
Faqeeroñ Be-Nawaaoñ Ki Sada Tum Ho Nida Tum Ho

حبیبِ کبریا تم ہو اِمَامُ الْاَنْبِیَآء تم ہو
محمد مُصطفٰی تم ہو محمد مُجتبٰی تم ہو

Habeeb-e-Kibriya Tum Ho Imaamul Ambiya Tum Ho
Muhammad Mustafa Tum Ho Muhammad Mujtaba Tum Ho

ہمارے ملجا و ماوا ہمارا آسرا تم ہو
ٹھکانہ بے ٹھکانوں کا شہِ ہر دوسَرا تم ہو

Hamare Maljaa-o-Maawaa Humara Aasra Tum Ho
Thikaana Hai Thikaanoñ Ka Shah-e Har Do-Sara Tum Ho

غریبوں کی مدد بے بس کا بس رُوحِیؐ فِدَا تم ہو
سہارا بے سہاروں کا ہمارا آسرا تم ہو

Ghareeboñ Ki Madad Bebas Ka Bas Roohi Fidaa Tum Ho
Sahaara Be-Sahaaroñ Ka Humara Aasra Tum Ho

نہ کوئی ماہ وَش تم سا نہ کوئی مہ جبیں تم سا
حسینوں میں ہو تم ایسے کہ محبوبِ خدا تم ہو

Na Koi Maahwash Tum Sa Na Koi MahJabeeñ Tum Sa
Haseenoñ Mein Ho Tum Aise Ke Mahboob-e Khuda Tum Ho

میں صدقے انبیاء کے یوں تو سب محبوب ہیں، لیکن
جو سب پیاروں سے پیارا ہے وہ محبوبِ خدا تم ہو

Main Sadqe Ambiya Ke Yuñ To Sab Mahboob Hain Lekin
Jo Sab Pyaaroñ Se Pyaara Hai Wo Mahboob-e Khuda Tum Ho

حسینوں میں تمھیں تم ہو نبیوں میں تمھیں تم ہو
کہ محبوبِ خدا تم ہو نَبِیُّ الْاَنْبِیَآء تم ہو

Haseenoñ Mein Tumhiñ Tum Ho Nabiyyoñ Mein Tumhiñ Tum Ho
Ke Mahboob-e-Khuda Tum Ho Nabiyyul Ambiya Tum Ho

تمھارے حُسنِ رنگیں کی جھلک ہے سب حسینوں میں
بہاروں کی بہاروں میں بہارِ جاں فزا تم ہو

Tumhare Husn-e Rangeeñ Ki Jhalak Hai Sab Haseenoñ Mein
Bahaaroñ Ki Bahaaroñ Mein Bahaar-e Jaañ Fiza Tum Ho

زمیں میں ہے چمک کس کی فلک پر ہے جھلک کس کی
مہ(و) خورشید، سیّاروں، ستاروں کی ضیا تم ہو

Zameeñ Mein Hai Chamak Kis Ki Falak Par Hai Jhalak Kis Ki
Mah-o Khursheed, Saiyyaroñ, Sitaaroñ Ki Ziya Tum Ho

وہ لاثانی ہو تم آقا نہیں ثانی کوئی جس کا
اگر ہے دوسرا کوئی تو اپنا دوسرا تم ہو

Woh Laa-Saani Ho Tum Aaqa Nahiñ Saani Koi Jis Ka
Agar Hai Doosra Koi To Apna Doosra Tum Ho

هُوَالْاَوَّل هُوَالْاٰخِر هُوَالظَّاهِر هُوَالْبَاطِن
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْم لوحِ محفوظِ خُدا تم ہو

Huwal-Awwal Huwal-Aakhir Huwaz-Zaahir Huwal-Baatin
Bi Kulli Sha'yin A'leem Lauh-e Mahfooz-e Khuda Tum Ho

نہ ہو سکتے ہیں دو اوّل، نہ ہو سکتے ہیں دو آخر
تم اوّل اور آخر، ابتداء تم انتہا تم ہو

Na Ho Sakte Hain Do Awwal, Na Ho Sakte Hain Do Aakhir
Tum Awwal Aur Aakhir, Ibtida Tum Intiha Tum Ho

خدا کہتے نہیں بنتی جدا کہتے نہیں بنتی
خدا پر اِس کو چھوڑا ہے وہی جانے کہ کیا تم ہو

Khuda Kehte Nahiñ Banti Juda Kehte Nahiñ Banti
Khuda Par Isko Chhoda Hai Wahi Jaane Ke Kya Tum Ho

اَنَا مِنۡ حَامِد و حَامِد رضَا مِنِّی کے جلووں سے
بِحَمۡدِ اللّٰہ رضا حامد ہیں اور حآمدِ رضا تم ہو

Anaa Min Hamid-o Hamid Raza Minni Ke Jalwoñ Se
Bihamdillaah Raza Hamid Hain Aur **‘Hamid’**-e Raza Tum Ho

## 4. Gunahgaaroñ Ka Roz-e Mahshar Shafee' Khairul 'Anaam Hoga

گناہ گاروں کا روزِ محشر شفیع خَیْرُ الْاَنَام ہو گا
دُلھن شفاعت بنے گی دُلھا نبی عَلَیْہِ السَّلَام ہو گا

Gunahgaaroñ Ka Roz-e Mahshar Shafee' Khairul Anaam Hoga
Dulhan Shafa'at Banegi Dulha Nabi 'Alayhis-Salaam Hoga

کبھی تو چمکے گا نجمِ قسمت ہلال ماہِ تمام ہو گا
کبھی تو ذرّے پہ مِہر ہو گی وہ مَہر اِدھر خوش خَرام ہو گا

Kabhi Toh Chamkega Najm-e Qismat Hilaal Maah-e Tamaam Hoga
Kabhi Toh Zarre Pe Mehr Hogi Woh Mehr Idhar Khush Kharaam Hoga

پڑا ہوں میں ان کی رہ گزر میں پڑے ہی رہنے سے کام ہو گا
دل و جگر فرشِ رہ بنیں گے یہ دیدہ مَشقِ خرام ہو گا

Pada Hoon Main Unki Rah Guzar Mein Pade Hi Rehne Se Kaam Hoga
Dil-o Jigar Farsh-e Rah Banenge Ye Deedah Mashq-e Kharaam Hoga

وہی ہے شافع وہی مشفّع اسی شفاعت سے کام ہو گا
ہماری بگڑی بنے گی اس دن وہی مَدارُ الْمَہَامْ ہو گا

Wohi Hai Shaafe' Wohi Mushaff'e Usi Shafa'at Se Kaam Hoga
Humari Bigdi Banegi Us Din Wohi Madaarul Mahaam Hoga

اُنہیں کا مُنھ سب تکیں گے اس دن جو وہ کریں گے وہ کام ہو گا
دہائی سب ان کی دیتے ہوں گے اُنہیں کا ہر لب پہ نام ہو گا

Unhiñ Ka Muñh Sab Takenge Us Din Jo Woh Karenge Woh Kaam Hoga
Duhaayi Sab Unki Dete Honge Unhiñ Ka Har Lab Pe Naam Hoga

”اَنَا لَهَا“ کہہ کے عاصیوں کو وہ لیں گے آغوشِ مرحمت میں
عزیز، اکلوتا جیسے ماں کو، انہیں ہر اک یوں غلام ہو گا

Anaa-Lahaa Keh Ke ‘Aasiyon Ko, Woh Lenge Aagosh-e Marhamat Mein
Azeez Iklauta Jaise Maañ Ko, Unheiñ Har Ek Yooñ Ghulaam Hoga

اِدھر وہ گرتوں کو تھام لیں گے اُدھر (وہ) پیاسوں کو جام دیں گے
صِراط و میزان و حوضِ کوثر یہیں وہ عالی مقام ہو گا

Idhar Woh Girtoñ Ko Thaam Lenge Udhar Woh Pyaasoñ Ko Jaam Denge
Siraat-o Mizaan-o Hauz-e Kausar Yahiñ Woh 'Aali Maqaam Hoga

کہیں وہ جلتے بجھاتے ہوں گے کہیں وہ روتے ہنساتے ہوں گے
وہ پائے نازک پہ دوڑنا اور بعید ہر اک مقام ہو گا

Kahiñ Woh Jalte Bujhaate Honge Kahiñ Woh Rote Hansaate Honge
Woh Paaye Nazuk Pe Daudna Aur Ba’eed Har Ik Maqaam Hoga

ہوئی جو مجرم کو بازیابی تو خوفِ عصیاں سے دھج یہ ہو گی
خمیدہ سر، آبدیدہ آنکھیں، لرزتا ہندی غلام ہو گا

Hui Jo Mujrim Ko Bazyaabi Toh Khauf-e Isyaan Se Dhaj Ye Hogi
Khamidah Sar Aabdeedah Aankheiñ Larazta Hindi Ghulaam Hoga

حضورِ مُرشِد کھڑا رہوں گا کھڑے ہی رہنے سے کام ہو گا
نگاہِ لطف و کرم اٹھے گی تو جھک کے میرا سلام ہو گا

Huzoor-e Murshid Khada Rahuñga Khade Hi Rehne Se Kaam Hoga
Nigaah-e-Lutf-o-Karam Uthegi To Jhuk Ke Mera Salaam Hoga

خدا کی مرضی ہے اُن کی مرضی، ہے اُن کی مرضی خدا کی مرضی
اُنھیں کی مرضی پہ ہو رہا ہے، اُنھیں کی مرضی پہ کام ہو گا

Khuda Ki Marzi Hai Unki Marzi Hai Unki Marzi Khuda Ki Marzi
Unhiñ Ki Marzi Se Ho Raha Hai Unhiñ Ki Marzi Pe Kaam Hoga

جدھر خدا ہے اُدھر نبی ہے، جدھر نبی ہے اُدھر خدا ہے
خدائی بھر سب اُدھر پھرے گی جدھر وہ عالی مقام ہو گا

Jidhar Khuda Hai Udhar Nabi Hai Jidhar Nabi Hai Udhar Khuda Hai
Khudaayi Bhar Sab Udhar Phiregi Jidhar Woh ‘Aali Maqaam Hoga

اِسی تمنّا میں دم پڑا ہے، یہی سہارا ہے زندگی کا
بُلا لو مجھ کو مدینے سرور! نہیں تو جینا حرام ہو گا

Isi Tamanna Mein Dam Pada Hai Yahi Sahaara Hai Zindagi Ka
Bula Lo Mujhko Madeene Sarwar Nahiñ Toh Jeena Haraam Hoga

حضورِ روضہ ہوا جو حاضر تو اپنی سج دھج یہ ہو گی، حامؔد
خمیدہ سر، آنکھ بند، لب پہ مرے دُرود و سلام ہو گا

Huzoor-e Rauza Hua Jo Haazir Toh Apni Saj Dhaj Ye Hogi **‘Hamid’**
Khamida Sar Aankh Band Lab Pe Mere Durood-o Salaam Hoga

## 5. Chaand Se Unke Chehre Par Gesu-e Mushk Faam Do

چاند سے اُن کے چہرے پر گیسوئے مشک فام دو
دن ہے کِھلا ہوا مگر وقتِ سحر ہے شام دو

Chaand Se Unke Chehre Par Gesu-e Mushk Faam Do
Din Hai Khila Hua Magar Waqt-e Sahar Hai Shaam Do

رُوئے صبیح اک سحر زلفِ دوتا ہے شام دو
پھول سے گال صبح دم مہر ہیں لَالَہ فام دو

Roo-e Sabeeh Ik Sahar Zulf-e Duta Hai Shaam Do
Phool Se Gaal Sub'h Dam Meh'r Hain Laalah Faam Do

عارضِ نور بار سے بکھری ہوئی ہٹی جو زلف
ایک اندھیری رات میں نکلے مہِ تمام دو

Aariz-e Noor Baar Se Bikhri Hui Hati Jo Zulf
Ek Andheri Raat Mein Nikle Mah-e Tamaam Do

اُن کی جبینِ نور پر زلفِ سیہ بکھر گئی
جمْع ہیں ایک وقت میں ضِدّین صبح و شام دو

Unki Jabeen-e Noor Par Zulf-e Siyaah Bikhar Gayi
Jam'a Hain Ek Waqt Mein Ziddein Sub'h-o Shaam Do

خیر سے دن خدا وہ لائے دونوں حرم ہمیں دکھائے
زمزم و بیر فاطمہ کے پئیں چل کے جام دو

Khair Se Din Khuda Woh Laaye Donoñ Haram Humein Dikhaaye
Zamzam-o Beer-e Faatimah Ke Piyenge Chal Ke Jaam Do

ذاتِ حَسن حُسین ہے عَین شبیہِ مصطفیٰ
ذات ہے اک نبی کی ذات ہیں یہ اسی کے نام دو

Zaat-e Hasan Husain Hai ‘Ayn Shabeeh-e Mustafa
Zaat Hai Ik Nabi Ki Zaat Hain Ye Usi Ke Naam Do

پی کے پِلا کے مے کشو! ہم کو بچی کھچی ہی دو
قطرہ دو قطرہ ہی سہی کچھ تو برائے نام دو

Peeke Pilaake Maykasho! Humko Bachi Kuchi Hi Do
Qatrah Do Qatrah Hi Sahi Kuch To Baraaye Naam Do

ہاتھ سے چار یار کے ہم کو ملیں گے چار جام
دستِ حَسن حُسین سے اور ملیں گے جام دو

Haath Se Chaar Yaar Ke Hum Ko Milenge Chaar Jaam
Dast-e Hasan Husain Se Aur Milenge Jaam Do

ایک نگاہِ ناز پر سیکڑوں جامِ مے نثار
گردشِ چشمِ مست سے ہم نے پیے ہیں جام دو

Ek Nigaah-e Naaz Par Sekdoñ Jaam-e Ma’i Nisaar
Gardish-e Chashm-e Mast Se Hum Ne Piye Hain Jaam Do

وسطِ مُسَبِّحَہ پہ سَر رکھیے انگوٹھے کا اگر
نامِ اِلٰہ ہے لکھا ”ہ“ اور ”الف“ ہے ”لام“ دو

Wast-e Musabbihah Pe Sar Rakhiye Angoothe Ka Agar
Naam-e ILaah Hai Likha “Ha” aur “Alif” Hai “Laam” Do

ہاتھ کو کان پر رکھو پا بہ ادب سمیٹ لو
”دال“ ہو ایک، ”ح“ ہو ایک، آخرِ حرفِ ”لام“ دو

Haath Ko Kaan Par Rakho Paa Ba-Adab Samait Lo
“Daal” Ho Ek “Ha” Ho Ek Aakhr-e Harf-e “Laam” Do

نامِ خدا ہے ہاتھ میں، نامِ نبی ہے ذات میں
مُہرِ غلامی ہے پڑی، لکھے ہوئے ہیں نام دو

Naam-e Khuda Hai Haath Mein, Naam-e Nabi Hai Zaat Mein
Mohr-e Ghulaami Hai Padi, Likhe Huye Hain Naam Do

نامِ حبیب کی ادا جاگتے سوتے ہو ادا
نامِ محمدی بنے جسم کو یہ نظام دو

Naam-e Habeeb Ki Ada Jaagte Sote Ho Ada
Naam-e Muhammadi Bane Jism Ko Ye Nizaam Do

نامِ خدا مرقَّعہ، نامِ خدا رخِ حبیب
بینی ”الف“ ہے، ”ہ“ دہن، زلفِ دوتا ہے ”لام“ دو

Naam-e Khuda Muraqq’ah, Naam-e Khuda Rukh-e Habeeb
Beeni “Alif” Hai, “Ha” Dahan, Zulf-e Duta Hai “Laam” Do

وحشی ہے ایک دل مِرا زلفِ سیاہ فام کا
بندشِ عشق سخت تر صَید ہے ایک دام دو

Wahshi Hai Ek Dil Mera Zulf-e-Siyaah Faam Ka
Bandish-e Ishq Sakht Tar Sayd Hai Ek Daam Do

تلووں سے اُن کے چار چاند لگ گئے مہر وماہ کو
ہیں یہ اُنھیں کی تابشیں، ہیں یہ اُنھیں کے نام دو

Talwoñ Se Unke Chaar Chaand Lag Gaye Mehr-o Maah Ko
Hain Ye Unhiñ Ki Taabishein, Hain Ye Unhiñ Ke Naam Do

گاہ وہ آفتاب ہیں گاہ وہ ماہتاب ہیں
جمع ہیں ان کے گالوں میں مہر ومہِ تمام دو

Gaah Woh Aaftaab Hain Gaah Woh Maahtaab Hain
Jam'a Hain Unke Gaaloñ Mein Mehr-o Mah-e Tamaam Do

بازیِ زیست مات ہے موت کو بھی مَمات ہے
موت کو بھی ہے ایک دن موت پہ اذنِ عام دو

Baazi Zeest Maat Hai Maut Ko Bhi Mamaat Hai
Maut Ko Bhi Hai Ek Din Maut Pe Izn-e Aam Do

اب تو مدینے لے بُلا گنبدِ سبز دے دکھا
حآمد و مصطفٰی ترے ہند میں ہیں غلام دو

Ab To Madeenah Le Bula Gumbad-e Sabz De Dikha
**'Hamid'**-o Mustafa Tere Hind Mein Hain Ghulaam Do

## 6. Shaahid-e Gul Hai Mast Naaz Hajlah-e Nau Bahaar Mein

شاہدِ گُل ہے مَست ناز حَجلَۂ نو بَہار میں
ناز و ادا کے پھول ہیں پھولے گلے کے ہار میں

Shaahid-e Gul Hai Mast Naaz Hajlah-e Nau Bahaar Mein
Naaz-o Adaa Ke Phool Hain Phoole Gale Ke Haar Mein

آئیں گھٹائیں جھوم کر عشق کے کوہسار میں
بارشِ غم ہے اشک بار گریۂ بے قرار میں

Aayeiñ Ghataayeiñ Jhoom Kar Ishq Ke Kohsaar Mein
Baarish-e Gham Hai Ashkbaar Giryah-e Be-Qaraar Mein

عشق نے چھوڑی پُھلجَھڑی دل کی لگی بھڑک اٹھی
آتشِ گُل کے پھول سے آگ لگی بہار میں

Ishq Ne Chhodi Phuljhadi Dil Ki Lagi Bhadak Uthi
Aatish-e Gul Ke Phool Se Aag Lagi Bahaar Mein

آنکھوں سے لگ گئی جھڑی بحر میں موج آ گئی
سَیلِ سِرِشک اُبل پڑا نالۂ قلبِ زار میں

Aankhoñ Se Lag Gayi Jhadi Bah’r Mein Mauj Aa Gayi
Sa'il-e Sirishk Ubal Pada Naala-e Qalb-e Zaar Mein

شوق کی چیرہ دستیاں دل کی اُڑائیں دھجّیاں
وحشتِ عشق کا سماں دامنِ تار تار میں

Shauq Ki Cheerah Dastiyaañ Dil Ki Udayeiñ Dhajjiyaañ
Wahshat-e Ishq Ka Samaañ Daman-e Taar Taar Mein

بجلی سی اک تڑپ گئی خرمَنِ ہوش اُڑ گیا
برق شرارہ بار تھی جلوۂ نورِ یار میں

Bijli Si Ik Tadap Gayi Khirman-e Hosh Ud Gaya
Barq Sharaarah Baar Thi Jalwah-e Noor-e Yaar Mein

تابش رُخ سے چار چاند لگ گئے مہر وماہ کو
حُسنِ اَزَل ہے جلوہ ریز آئینۂ عِذار میں

Taabish-e Rukh Se Chaar Chaand Lag Gaye Mehr-o Maah Ko
Husn-e-Azal Hai Jalwah Reez Aayinah-e ‘Izaar Mein

کعبۂ ابرو دیکھ کر سجدے جبیں میں مضطرب
دل کی تڑپ کو چین کیا تاب کہاں قرار میں

Ka'aba-e Abroo Dekh Kar Sajde Jabeeñ Mein Muztarib
Dil Ki Tadap Ko Chain Kya Taab Kahaañ Qaraar Mein

شاہدِ گُل ہے مصطفیٰ طیبہ چمن ہے جاں فزا
گُلشنِ قُدس ہے کِھلا صحنِ حریمِ یار میں

Shaahid-e-Gul Hai Mustafa Taiba Chaman Hai Jaañ Fazaa
Gulshan-e Quds Hai Khila Sahn-e Hareem-e Yaar Mein

سُوسَن ویاسَمَن، سَمَن، سُنبل ولالہ نَسترَن
سارا ابھرا چمن پھولا اسی بہار میں

Sosan-o Yaasaman, Saman, Sunbul-o Laalah Nastaran
Sara Hara Bhara Chaman Phoola Usi Bahaar Mein

باغِ جناں لہک اٹھا، قصرِ جناں مہک اٹھا
سیکڑوں ہیں چمن کھلے پھول کی اک بہار میں

Baagh-e Jinaañ Lahak Utha, Qasr-e Jinaañ Mahak Utha
Saikdoñ Haiñ Chaman Khile Phool Ki Ik Bahaar Mein

سارے بہاروں کی دُلَھن ہے مِرے پھول کا چمن
گُلشنِ ناز کی پھبن طیبہ کے خار خار میں

Saare Bahaaroñ Ki Dulhan Hai Mere Phool Ka Chaman
Gulshan-e Naaz Ki Phaban Taiba Ke Khaar Khaar Mein

تم ہو حبیبِ کبریا پیاری تمھاری ہر ادا
تم سا کوئی حَسیں بھی ہے گُلشنِ روزگار میں

Tum Ho Habeeb-e Kibriya Pyaari Tumhari Har Adaa
Tum Sa Koi Haseeñ Bhi Hai Gulshan-e RozGaar Mein

نکلی نہ کوئی آرزو دل کی ہی دل میں رہ گئی
حسرتیں ہیں ہزار دفن قلب کے اک مزار میں

Nikli Na Koi Aarzoo Dil Ki Hi Dil Mein Reh Gayi
Hasrateiñ Hain Hazaar Dafn Qalb Ke Ik Mazaar Mein

خارِ مدینہ دیکھ کر وحشتِ دل ہے زور پر
دستِ جنوں الجھ گیا دامنِ دل کے تار میں

Khaar-e Madinah Dekh Kar Wahshat-e Dil Hai Zor Par
Dast-e Junooñ Ulajh Gaya Daaman-e Dil Ke Taar Mein

ماہ تِری رکاب میں، نور ہے آفتاب میں
بو ہے تِری گلاب میں رنگ تِرا انار میں

Maah Teri Rikaab Mein, Noor Hai Aaftaab Mein
Boo Hai Teri Gulaab Mein Rang Tera Anaar Mein

غنچۂ دل مہک اٹھا موجِ نسیمِ طیبہ سے
روحِ شمیم تھی بسی گیسوئے مشک بار میں

Ghuncha-e Dil Mahak Utha Mauj-e Naseem-e Taiba Se
Rooh-e Shameem Thi Basi Gesu-e Mushk Baar Mein

شوق کی ناشکیبیاں سوز کی دل گدازیاں
وصل کی نامُرادیاں عاشقِ دل فگار میں

Shauq Ki Naashakibiyaañ Soz Ki Dil Gudaazyaañ
Wasl Ki Namuraadiyañ Aashiq-e-Dil Figaar Mein

گردشِ چشمِ ناز سے حآمدِ مَے گُسار مست
رنگِ سرور و کیف ہے چشمِ خمار دار میں

Gardish-e Chashm-e Naaz Se **‘Hamid’** Maigusaar Mast
Rang-e Suroor-o Kaif Hai  Chashm-e Khumaar Daar Mein

## 7. Maa-o Man Se Bachaaye Aal-e Rasool

ما و مَن سے بچائے آلِ رسول
مِن و عَن ہوں رضائے آلِ رسول

Maa-o Man Se Bachaaye Aal-e Rasool
Min-o-‘An Hooñ Razaaye Aal-e Rasool

حق میں مجھ کو گُمائے آلِ رسول
مجھ کو حق سے ملائے آلِ رسول

Haq Mein Mujhko Gumaaye Aal-e Rasool
Mujhko Haq Se Milaaye Aal-e Rasool

میری آنکھوں میں آئے آلِ رسول
میرے دل میں سمائے آلِ رسول

Meri Aankhoñ Mein Aaye Aal-e Rasool
Mere Dil Mein Samaaye Aal-e Rasool

تو ہی جانے فدائے آلِ رسول
قدرِ سُمُوِّ سمائے آلِ رسول

Tu Hi Jaan-e-Fidaaye Aal-e Rasool
Qadr-e-Sumuwwi Samaaye Aal-e Rasool

سات اَفلاک زینے، پھر کرسی
عرشِ رِفعت سرائے آلِ رسول

Saat Aflaak Zeene Phir Kursi
‘Arsh-e Rif’at Saraaye Aal-e Rasool

چاندنا چاند کا مدینے کے
لُمعۂ حق نُمائے آلِ رسول

Chaandna Chaand Ka Madine Ke
Lum’ah-e Haq Numaaye Aal-e Rasool

ہے ارادہ تِرا ارادۂ حق
حق کی مرضی رضائے آلِ رسول

Hai Iraadah Tera Iraadah-e Haq
Haq Ki Marzi Razaaye Aal-e Rasool

بعد جس کے نہ ہوگا فقر کبھی
وہ غنا ہے غنائے آلِ رسول

Ba’d Jiske Na Hoga Faqr Kabhi
Woh Ghanaa Hai Ghanaaye Aal-e-Rasool

صِبْغَۃُ اللّٰہ کی چڑھی اپنی
حق کی رنگت رچائے آلِ رسول

Sibghatullah Ki Chhadhi Apni
Haq Ki Rangat Rachaaye Aal-e Rasool

اس کی نَیرَنگیوں میں ہوں یک رنگ
رنگِ وحدت جمائے آلِ رسول

Uski Nayrangiyon Mein Hooñ Yak Rang
Rang-e Wahdat Jamaaye Aal-e-Rasool

ہو خودی دور اور خدا باقی
ہو خدا ہی خدائے آلِ رسول

Ho Khudi Door Aur Khuda Baaqi
Ho Khuda Hi Khudaaye Aal-e-Rasool

مَوت سے پہلے مجھ کو مَوت آئے
میری ہستی مٹائے آلِ رسول

Maut Se Pehle Mujhko Maut Aaye
Meri Hasti Mitaaye Aal-e Rasool

یوں مٹوں میں کہ مجھ میں مٹ جائے
مجھ کو مجھ سے گُمائے آلِ رسول

Yuñ Mituñ Mein Ke Mujh Mein Mit Jaaye
Mujhko Mujh Se Gumaaye Aal-e-Rasool

جیتے جی جی میں مَیں گزر جاؤں
پھول میری اٹھائے آلِ رسول

Jeete-Jee Jee Mein Main Guzar Jaauñ
Phool Meri Uthaaye Aal-e Rasool

بیڑی کٹ جائے ہر تشخص کی
قید سے یوں چھڑائے آلِ رسول

Bedi Kat Jaaye Har Tashakkhus Ki
Qaid Se Yuñ Chhudaye Aal-e Rasool

یہ خودی بھی فدائے دعویٰ ہے
کر دے بے خود خدائے آلِ رسول

Yeh Khudi Bhi Fidaaye Da’waa Hai
Kar De Be-Khud Khudaaye Aal-e Rasool

صورتِ شیخ کا تصوّر ہو
ہوں میں مَحوِ لقائے آلِ رسول

Soorat-e Shaykh Ka Tasawwur Ho
Hooñ Main Mahw-e Liqaaye Aal-e Rasool

سر تا پایَم فدا سر و پایَت
وَہ چہ نور و ضیائے آلِ رسول

Sar Taa Paayam Fidaa Sar-o Paayat
Wah Che Noor-o Ziyaa-e Aal-e Rasool

دل و جانم فدا سَرَت گردَم
لُمعۂ حق نمائے آلِ رسول

Dil-o Jaanam Fida Sarat Gardam
Lum’ah-e Haq Numaaye Aal-eRasool

بھر دے قطرے کے سینے میں قُلزُم
نم میں یم کو سمائے آلِ رسول

Bhar De Qatre Ke Seene Mein Qulzum
Nam Mein Yam Ko Samaaye Aal-e Rasool

حَقُّهٗ حَق ہو ظاہر و باطن
حق کے جلوے دکھائے آلِ رسول

Haqquhu Haq Ho Zaahir-o Baatin
Haq Ke Jalwe Dikhaaye Aal-e Rasool

دل میں حق حق زباں پہ حق حق ہو
دید حق کی کرائے آلِ رسول

Dil Mein Haq Haq Zabaañ Pe Haq Haq Ho
Deed Haq Ki Karaaye Aal-e Rasool

حق کا دیوانہ ہادیِ حق سے
حق کی دھومیں مچائے آلِ رسول

Haq Ka Deewana Haadi-e Haq Se
Haq Ki Dhoomeiñ Machaaye Aal-e Rasool

فانی ہو جاؤں شیخ میں اپنے
ہو بہ ہو ہو ادائے آلِ رسول

Faani Ho Jaauñ Shaykh Mein Apne
Hoo-Ba-Hoo Ho Adaaye Aal-e Rasool

فَانِیْ فِی اللہ بَاقِیْ بِاللہ ہوں
تُو ہی تو ہے خُدائے آلِ رسول

Faani Fillah Baaqi Billah Hooñ
Tu Hi Tu Hai Khudaaye Aal-e Rasool

یہ تَقَرُّب ملے نوافل سے
ہوں حبیبِ فدائے آلِ رسول

Yeh Taqarrub Mile Nawaafil Se
Hooñ Habeeb-e Fidaaye Aal-e Rasool

ہاتھ پاؤں ہو آنکھ کان ہو وہ
عقل بھی ہو فدائے آلِ رسول

Haath Paaoñ Ho Aankh Kaan Ho Woh
‘Aql Bhi Ho Fidaaye Aal-e Rasool

میرے اَعضا بنے مِرا مولیٰ
مجھ پہ پیار آئے، آئے آلِ رسول

Mere A’zaa Bane Mera Maula
Mujh Pe Pyaar Aaye, Aaye Aal-e Rasool

اس سے دیکھوں سنوں چلوں پکڑوں
مَولیٰ دے بندہ پائے آلِ رسول

Usse Dekhuñ Sunuñ Chaluñ Pakduñ
Maula De Bandah Paaye Aal-e Rasool

میری ہستی حجاب ہے میرا
توہی پردہ اٹھائے آلِ رسول

Meri Hasti Hijaab Hai Mera
Tu Hi Pardah Uthaaye Aal-e Rasool

قرب حاصل ہو پھر فرائض کا
صوفی کامل بنائے آلِ رسول

Qurb Haasil Ho Phir Faraa'iz Ka
Soofi Kaamil Banaaye Aal-e Rasool

مُلکِ لَاھُوْتْ سے اِلَی النَّاسُوْتْ
ہونے رَجعَت نہ پائے آلِ رسول

Mulk-e Laahoot Se ILannaasoot
Hone Raj'at Na Paaye Aal-e Rasool

سَیرِ فِی اللّٰہ اور مِنَ اللّٰہ ہو
درجے سب طے کرائے آلِ رسول

Sayr-e Fillah Aur MinAllah Ho
Darje Sab Tay Karaaye Aal-e Rasool

پھر اِلَی اللّٰہ فنائے مُطلَق سے
پورا سالک بنائے آلِ رسول

Phir illAllah Fanaa-e Mutlaq Se
Poora Saalik Banaaye Aal-e Rasool

قَیدِ نَاسُوْتْ سے رہائی ہو
پھیرے میرے بڑھائے آلِ رسول

Qaid-e Naasoot Se Rihaayi Ho
Phere Mere Badhaaye Aal-e Rasool

شاخِ لَاھُوت پر بسیرا ہو
ہو یہ طائرِ ہُمائے آلِ رسول

Shaakh-e Laahoot Par Basera Ho
Ho Ye Taa'ir Humaaye Aal-e Rasool

## 8. Yaa ILaahi ! Baraaye Aal-e Rasool

یا الٰہی ! برائے آلِ رسول
دل میں بھر دے وِلائے آلِ رسول

Yaa ILaahi ! Baraaye Aal-e Rasool
Dil Mein Bhar De Walaaye Aal-e Rasool

سوکھے دھانوں پہ بھی برس جائے
ابرِ جُود و سخائے آلِ رسول

Sookhe Daanoñ Pe Bhi Baras Jaaye
Abr-e Jood-o Sakhaaye Aal-e Rasool

سر سے قربان تجھ پہ آنکھوں سے
آنکھیں سر سے فدائے آلِ رسول

Sar Se Qurbaan Tujhpe Aankhoñ Se
Aankhein Sar Se Fidaaye Aal-e Rasool

سَحقِ نعلین رگڑا آنکھوں کا
طوطیا خاکپائے آلِ رسول

Sahaq-e Na'layn Ragda Aankhoñ Ka
Tutiyaa Khaak Paaye Aal-e Raasool

میری بگڑی بنی ہے تیرے ہاتھ
تو ہی بگڑی بنائے آلِ رسول

Meri Bigdi Bani Hai Tere Haath
Tu Hi Bigdi Banaaye Aal-e Rasool

تجھ سے جس کو ملا ملے پیارے
تجھ سے جو پائے پائے آلِ رسول

Tujh Se Jis Ko Mila Mile Pyaare
Tujh Se Jo Paaye Paaye Aal-e Rasool

تیزیِ مہرِ حشر کا کیا خوف
میں ہوں زیرِ لِوائے آلِ رسول

Tezi-e Mehr-e Hashr Ka Kya Khauf
Main Hooñ Zer-e Liwaaye Aal-e Rasool

بادشاہ ہیں گدا ترے در کے
ہوں گدائے گدائے آلِ رسول

Baadshah Hain Gada Tere Dar Ke
Hooñ Gadaaye Gadaaye Aal-e-Rasool

تاج والوں کا تاجِ عزّت ہے
کہنہ نعلینِ پائے آلِ رسول

Taaj Waaloñ Ka Taaj-e Izzat Hai
Kuhna Na'layn-e Paa-e Aal-e Rasool

ٹھنڈی ٹھنڈی نسیمِ مارہرہ
دل کی کلیاں کھلائے آلِ رسول

Thandi Thandi Naseem-e Marehra
Dil Ki Kaliyaañ Khilaaye Aal-e Rasool

بھینی بھینی سی مست خوشبو سے
دل کی کلیاں بَسائے آلِ رسول

Bheeni Bheeni Si Mast Khushboo Se
Dil Ki Kaliyaañ Basaaye Aal-e Rasool

طِیبِ طَیبہ میں ہیں بسی کلیاں
مہکی گُل گوں قبائے آلِ رسول

Teeb-e Taiba Mein Hai Basi Kaliyaañ
Mehki Gulgooñ Qabaaye Aal-e Rasool

بھولے بھٹکوں کا خضر ہی تو ہے
راستے پر لگائے آلِ رسول

Bhoole Bhatkoñ Ka Khizr Hi Toh Hai
Raaste Par Lagaaye Aal-e Rasool

سبز گنبد پہ اڑ کے جا بیٹھوں
شوق کے پَر لگائے آلِ رسول

Sabz Gumbad Pe Ud Ke Jaa Baithuñ
Shauq Ke Par Lagaaye Aal-e Rasool

خاک میری اڑے جو بعدِ فنا
مَدَنی ہو ہوائے آلِ رسول

Khaak Meri Udaaye Jo Ba’d-e Fanaa
Madani Ho Hawaaye Aal-e Rasool

اب تو گدیہ گروں کی چاندی ہے
ہیں کھرے سکّہ ہائے آلِ رسول

Ab Toh Gadyah Garooñ Ki Chandi Hai
Hain Khare Sikkahaaye Aal-e Rasool

خُم سے آسن جمائے در پہ گدا
کوئی پیالہ پلائے آلِ رسول

Khum Se Aasan Jamaaye Dar Pe Gada
Koi Pyaala Pilaaye Aal-e Rasool

## 9. Paar Bedaa Lagaaye Aal-e Rasool

پار بیڑا لگائے آلِ رسول

ڈوبے بجرے تَرائے آلِ رسول

Paar Bedaa Lagaaye Aal-e Rasool
Doobe Bajre Taraaye Aal-e Rasool

جو ہیں اپنے پرائے آلِ رسول

سب کو اپنا بنائے آلِ رسول

Jo Haiñ Apne Paraaye Aal-e Rasool
Sab Ko Apna Banaaye Aal-e Rasool

ٹھوکروں پہ نہ ڈال غیروں کی

ہم ہیں قدموں میں آئے آلِ رسول

Thokaroñ Pe Na Daal Ghairoñ Ki
Ham Haiñ Qadmoñ Mein Aaye Aal-e Rasool

تیرا باڑا ہے بٹ رہا جگ میں

تو ہی دے یا دلائے آلِ رسول

Tera Baada Hai Bat Raha Jag Mein
Tu Hi De Ya Dilaaye Aal-e Rasool

جھولی پھیلائے ہے ترا منگتا

بھر دے داتا برائے آلِ رسول

Jholi Phailaaye Hai Tera Mangta
Bhar de Daata Baraaye Aal-e Rasool

دے دے چُمکار کر کوئی ٹکڑا
سگِ در کو رضائے آلِ رسول

De De Chumkaar Kar Koi Tukda
Sag-e Dar Ko Razaaye Aal-e Rasool

دَر سے اپنے نہ کر اسے دُر دُر
دُر دے دَر کی رضائے آلِ رسول

Dar Se Apne Na Kar Use Dur Dur
Dur De Dar Ki Razaaye Aal-e Rasool

دُور دُوری کا دَور دَورا ہو
دَور پھر یہ نہ آئے آلِ رسول

Door Doori Ka Daur Daura Ho
Daur Phir Ye Na Aaye Aal-e Rasool

نِگَھرے در بہ در بھٹکتے ہیں
دے ٹھکانہ برائے آلِ رسول

Nighre Dar-Ba-Dar Bhatakte Haiñ
De Thikaana Baraaye Aal-e Rasool

تلخیاں ساری دور ہو جائیں
مَئے شربت پلائے آلِ رسول

Talkhiyaañ Saari Door Ho Jaayeñ
Ma'i-e Sharbat Pilaaye Aal-e Rasool

ہیں رضا، غوث کے قدم بہ قدم
ہیں قدم ان کے پائے آلِ رسول

Haiñ Raza, Ghous Ke Qadam Ba-Qadam
Haiñ Qadam Un Ke Paa-e Aal-e Rasool

جس نے پایہ تمھارا پایا ہے
کہہ اٹھا میں نے پائے آلِ رسول

Jisne Paya Tumhara Paaya hai
Keh Utha Maiñ Ne Paaye Aal-e Rasool

اپنی قدموں کے نیچے ہے جنّت
اور قدم ہیں یہ پائے آلِ رسول

Apni Qadmoñ Ke Neeche Hai Jannat
Aur Qadam Haiñ Ye Paaye Aal-e Rasool

ان کی سیرت ہے سیرتِ نبوی
ان کی صورت لِقائے آلِ رسول

Unki Seerat Hay Seerat-e Nabawi
Unki Soorat Liqaa-e Aal-e Rasool

اِن کے جلووں میں اُن کے جلوے ہیں
ہر ادا سے ادائے آلِ رسول

Unke Jalwoñ Mein Unke Jalwe Haiñ
Har Adaa Se Adaa-e Aal-e Rasool

آتے دیکھیں جو اعلیٰ حضرت کو
آنکھیں کہہ دیں یہ آئے آلِ رسول

Aate Dekheiñ Jo Aala Hazrat ko
Aankheiñ Keh Deiñ Ye Aaye Aal-e Rasool

ہے بریلی میں آج مارہرہ
اعلیٰ حضرت ہے جائے آلِ رسول

Hai Bareilly Meiñ Aaj Marehra
Aala Hazrat Hai Jaa-e Aal-e Rasool

قادِریّوں کا ہے لگا میلہ
ہے تماشا ضیائے آلِ رسول

Qaadiriyyoñ Ka Hai Laga Mela
Hai Tamaasha Ziyaa-e Aal-e Rasool

نوری مَسند پہ نوری پُتلا ہے
اچھا ستھرا رضائے آلِ رسول

Noori Masnad Pe Noori Putlaa Hai
Achchha Suthra Razaa-e Aal-e Rasool

چتھر رحمت کا شامیانہ ہے
سر پہ ہے یاردائے آلِ رسول

Chathr Rahmat Ka Shamiyaana Hai
Sar Pe Hai Yaa Ridaaye Aal-e Rasool

ہیں پروں سے کیے ہوئے سایہ
پرے قدسی جمائے آلِ رسول

Haiñ Paroñ Se Kiye Huye Saaya
Pare Qudsi Jamaaye Aal-e Rasool

ہیں گھٹاٹوپ رحمتیں چھائیں
پا ہے ظلِّ ہُمائے آلِ رسول

Haiñ Ghataa Top Rahmateñ Chaayiñ
Paa Hai Zille Humaaye Aal-e Rasool

غوث کا ہاتھ ہے مریدوں پر
بر زمیں کالسَّمَاءِ آلِ رسول

Ghaus Ka Haath Hai Mureedoñ par
Bar Zameeñ Kassamaa'i Aal-e Rasool

برکاتی برکات کا دولھا
شاہ احمد رضائے آلِ رسول

Barakaati Barakaat Ka Doolha
Shah Ahmad Razaa-e Aal-e Rasool

برکاتی پیار کا سہرا
تیرے سر ہے رضائے آلِ رسول

Barakaati Pyaar Ka Sehra
Tere Sar Hai Razaa-e Aal-e Rasool

قادریّت دُلھن بنی، نوشہ
شاہ احمد رِضائے آلِ رسول

Qaadiriyyat Dulhan Bani, Nausha
Shah Ahmad Razaa-e Aal-e Rasool

نور کا حُلّہ جوڑا شاہانہ
نوری جامہ عَبائے آلِ رسول

Noor Ka Hulla Jodaa Shahaana
Noori Jaama ‘Abaaye Aal-e Rasool

نور کی چہرے پر نچھاور ہے
صدقے ہم سب گدائے آلِ رسول

Noor Ki Chehre Par Nichhawar Hai
Sadqe Hum Sab Gadaa-e Aal-e Rasool

بیل میری بھی اب مَندھے چڑھ جائے
صدقہ حآمد رضائے آلِ رسول

Bel Meri Bhi Ab Mandhe Chadh Jaaye
Sadqa **‘Hamid’** Razaa-e Aal-e Rasool

## 10. Hain Arsh-e Bareeñ Par Jalwahfigan Mahboob-e Khuda Sub’haan Allah

ہیں عرشِ بریں پر جلوہ فگن محبوبِ خدا سُبُحَانَ اللّٰہ
اک بار ہوا دیدار جسے سو بار کہا سُبُحَانَ اللّٰہ

Hain Arsh-e Bareeñ Par Jalwahfigan Mahboob-e Khuda Sub’haan Allah
Ik Baar Hua Deedar Jise Sau Baar Kaha Sub’haan Allah

حیران ہوئے برق اور نظر اک آن ہے اور برسوں کا سفر
راکب نے کہا اَللّٰہُ غَنِیّ مَرکَب نے کہا سُبُحَانَ اللّٰہ

Hairaan Huye Barq Aur Nazar Ik Aan Hai Aur Barsoñ Ka Safar
Raakib Ne Kaha Allahu Ghani’i Markab Ne Kaha Sub’haan Allah

طالب کا پتا مطلوب کو ہے مطلوب ہے طالب سے واقف
پردے میں بلا کر مل بھی لیے پردہ بھی رہا سُبُحَانَ اللّٰہ

Taalib Ka Pata Matloob Ko Hai Matloob Hai Taalib Se Waaqif
Parde Mein Bula Kar Mil Bhi Liye Pardah Bhi Raha Sub’haan Allah

ہے عبد کہاں معبود کہاں معراج کی شب ہے راز نہاں
دو نور حجابِ نور میں تھے خود رب نے کہا سُبُحَانَ اللّٰہ

Hai ‘Abd Kahañ Ma’bood Kahañ Me’raaj Ki Shab Hai Raaz Nihaañ
Do Noor Hijaab-e Noor Mein The Khud Rabb Ne Kaha Sub’haan Allah

جب سجدوں کی آخری حدّوں تک جا پہنچا عُبُودیّت والا
خالق نے کہا مَاشَآءَ اللّٰہ ! حضرت نے کہا سُبُحَانَ اللّٰہ

Jab Sadjoñ Ki Aakhri Haddoñ Tak Jaa Pohncha ‘Uboodiyyat Wala
Khaaliq Ne Kaha Maa’Sha Allah! Hazrat Ne Kaha Sub’haan Allah

سمجھے حآمد انساں ہی کیا یہ راز ہیں حُسن و الفت کے
خالق کا ”حَبِیْبِیْ“ کہنا تھا خَلقت نے کہا سُبْحَانَ اللّٰہ

Samjhe **‘Hamid’** Insaan Hi Kya Ye Raaz Hain Husn-o Ulfat Ke
Khaaliq Ka “Habeebi” Kehna Tha Khalqat Ne Kaha Sub’haan Allah

# Nazraana-e ‘Aqeedat

(۱)

حَامِدُ مِنِّی اَنَا مِنْ حَامِد

حمد سے حمد کماتے یہ ہیں

( اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ )

(۲)

حامد رضا، عالِم علمِ ہدیٰ — نو گُلِ گُلزارِ جنابِ رضا

حُسنِ بہارش ز خزاں دور باد — چوں اب وجد ناصر و منصور باد

( حضرت اُستادِ زَمَن علامہ حسن رضا خان حسن بریلوی علیہ الرحمہ )

(۳)

شاہ حامد رضا پیشوائے زمن — ذکر اس کا ہے اب بھی چمن در چمن

اک نظر جس نے دیکھا انہیں کا ہوا — منکروں نے بھی کلمہ خدا کا پڑھا

اُن کی نورانی صورت پہ لاکھوں سلام

( حضرت ریحانِ ملت علامہ ریحان رضا خان بریلوی قدس سرہ العزیز )

(۴)

شاہ حامد رضا پیشوائے زمن — ذکر اس کا ہے اب بھی چمن در چمن

نام تھا اس کا حامد وہ محمود تھا — ذات تھی اس کی تنہا مگر انجمن

( حضرت علامہ ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ — موریشس )

(۵)

حجۃ الاسلام اے حامد رضا بابائے من

تم کو بن دیکھے ہماری زندگی اچھی نہیں

( حضرت تاج الشریعہ مفتی محمد اختر رضا خان قادری ازہری رحمۃ اللہ علیہ )

**(1)**

**Hamidu** Minni Ana Min **Hamid**
Hamd Se Hamd Kamaate Ye Haiñ

(A'la Hazrat Imam Ahmad Raza Khan Bareilvi رحمۃ اللہ علیہ)

**(2)**

**Hamid** Raza 'Aalim-e 'ILm-e Huda
Nau gul-e Gulzaar-e Janaab-e Raza

Husn-e Bahaarash Za Khazaañ Door Baad
Chooñ Ab Wajd Naasir-o Mansoor Baad

(Hazrat Ustaad-e Zaman 'Allama Hasan Raza Khan Bareilvi علیہ الرحمہ)

**(3)**

Hujjat-e Deen-e Islam **Hamid** Raza
Jinka Chehra Tha Ya Ik Haseeñ Chaañd Tha

Ik Nazar Jisne Dekha Unhiñ Ka Hua
Munkiroñ Ne Bhi Kalima Khuda Ka Padha

Unki Noorani Soorat Pe Laakhoñ Salaam

(Hazrat Rehaan-e Millat 'Allama Rehan Raza Khan Bareilvi قدس سرہ العزیز)

**(4)**

Shaah Hamid Raza Peshwa-e Zaman
Zikr Uska Hai Ab Bhi Chaman Dar Chaman

Naam Tha Uska **Hamid** Wo Mahmood Tha
Zaat Thi Uski Tanha Magar Anjuman

(Hazrat 'Allama Ibrahim Khustar رحمۃ اللہ علیہ - Mauritius)

**(5)**

Hujjat-ul Islam Ae **Hamid** Raza Baaba-e Man
Tum Ko Bin Dekhe Hamaari Zindagi Achchhi Nahi

(Huzoor Taajush Shari'ah Mufti Muhammad Akhtar Raza Khan Qadri Azhari رحمۃ اللہ علیہ)